مطالعہ قرآن سے پہلے ' میر محمد حسین' ناشر: اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ' لاہور' صفحات: ۲۱۲۔ قیمت: ۹۳ روپے۔

میر محمد حسین آرزومند ہیں کہ مسلمانوں کا قرآن مجید سے رشتہ جوڑا جائے اور اسے مستحکم کیا جائے تاکہ فکر و عمل کی دنیا میں انقلاب برپا ہو۔ اس آرزو کی تکمیل کے لیے انھوں نے اپنا قلم وقف کر دیا ہے اور اب تک ایسی تین کتابیں تحریر کر چکے ہیں جن کے ذریعے قرآن حکیم کے بارے میں علم و آگہی میں اضافہ ممکن ہے۔ پہلی کتاب "مضامین قرآن" ہے جو کلام حکیم کے مضامین و مطالب کا اشاریہ ہے۔ دوسری کتاب کا نام "تسہیل القرآن" ہے جس میں ضروری قواعد کی توضیح کے ساتھ ساتھ قرآن مجید میں استعمال ہونے والے جملہ الفاظ کے مادے اور اردو میں ان کے استعمال کے حوالے سے ان کے معانی دیے گئے ہیں تاکہ ہر شخص معمولی کاوش سے براہ راست قرآن مجید کو سمجھنے کی استعداد پیدا کر سکے۔ "مطالعہ قرآن سے پہلے" اس سلسلے کی تیسری کتاب ہے۔

اس کتاب میں قرآن مجید کے مطالعے کے سلسلے میں ضروری امور و نکات مثلاً ناسخ و منسوخ' جمع و تدوین اور ترتیب سور' سبعۃ احرف' حروف و مقطعات' محکمات و متشابہات' اعجاز قرآن اور تفسیر و تاویل وغیرہ پر بحث کی گئی ہے۔ یہ اس نوع کی پہلی کتاب نہیں۔ اس سے قبل بھی ایسی متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن زیر تبصرہ کتاب کی خوبی اس کا اختصار' جامعیت اور آسان زبان و بیان ہے' جس کی بدولت عام اردو خواں لوگ بھی ان امور سے واقف ہو سکتے ہیں جو کسی نہ کسی حوالے سے قرآن فہمی کے لیے ضروری ہیں۔ اگر کتاب میں مندرج آیات کے ساتھ اردو ترجمہ بھی دے دیا جاتا تو اس کے فائدے میں اضافہ ہو سکتا تھا۔ بہرحال موجودہ صورت میں بھی کتاب بہت مفید ہے۔ (ڈاکٹر رحیم بخش شاہین)

Let us Live as Muslims ' جلیل احسن ندوی۔ مترجم سعید اللہ قاضی' محمد بوستان خان۔ ناشر: شیخ زاید سنٹر برائے اسلامک و عربک سٹڈیز' پشاور یونی ورسٹی' صفحات: ۳۰۰۔ قیمت: ۳۰۰ روپے / ۲۰ ڈالر۔

"راہ عمل" کے نام سے مجموعہ احادیث اردو دان طبقہ میں قبول عام حاصل کر چکا ہے۔ جناب سعید اللہ قاضی نے مذکورہ مجموعے کو انگریزی کے قالب میں ڈھال دیا ہے۔ نیت' عقائد' عبادات' معاملات' سماجی زندگی' اخلاقی معاملات' نیک اعمال' دعوت الی اللہ' داعی کی خصوصیات' طریق اصلاح' آں حضرتؐ کا اسوۂ حسنہ اور اصحاب رسولؐ کا طرز عمل جیسے اہم موضوعات تیرہ ابواب میں سمیٹ دیے گئے ہیں۔ کتاب میں ۴۴۱ احادیث مع تشریح شامل ہیں۔